رول نمبر: ________

انٹرمیڈیٹ پارٹ سیکنڈ

# اُردو (لازمی) (معروضی) گروپ پہلا

Objective
Paper Code
8021

وقت: 20 منٹ کل نمبر: 20

| سوال نمبر 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |
|---|---|

**نثری اسباق کے حوالے سے درست جواب کا انتخاب کیجیے:**

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | شبلی نے اپنی کس کتاب کے لئے "سیرت العمرین" سے مواد حاصل کیا؟ | الغزالی | المامون | الفاروق | الکلام |
| 2 | "محنت پسند خردمند" نے نمایاں کامیابیاں اور فتوحات حاصل کر کے کونسا لقب حاصل کیا؟ | محنت پسند فاتح | شہنشاہ محنت پسند | بادشاہ محنت پسند | سلطان محنت پسند |
| 3 | سبق "مواصلات کے ذرائع" میں اِن پُٹ کا اُردو متبادل لفظ کیا درج ہے؟ | مقرب | مفتح | مدخل | مخرج |
| 4 | ابن انشا، حبیب اللہ شہاب کا دیا ہوا کوٹ پہن کر کیسے لگ رہے تھے؟ | برفانی گیدڑ | برفانی شیر | برفانی ریچھ | برفانی چیتا |
| 5 | شاہد احمد دہلوی، مولوی نذیر احمد کے رشتے میں کیا لگتے تھے؟ | دادا | نانا | بیٹا | پوتا |

**مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جواب کی نشاندہی کیجیے:**

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | اس کا گھر، دکانیں اور سامان سب کچھ بک ______ | گیا | گئے | گئی | گئیں |
| 7 | نواب صاحب نے رو رو کر خطا معاف ______ | کرائی | کی | کرائے | کرائیں |
| 8 | ریوڑ گھاس چر ______ ۔ | رہا ہے | رہی ہے | رہے ہیں | رہی ہیں |
| 9 | اس پر بھروسا رکھو ______ وہ دھوکے باز نہیں۔ | کیونکہ | چونکہ | اگرچہ | اس لئے |
| 10 | اس نے دو قلم اور ایک پنسل ______ ۔ | خریدیں | خریدے | خریدی | خریدکیں |

**رموزِ اوقاف کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے:**

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | مخففات کے درمیان کون سی علامت استعمال ہوتی ہے؟ | سکتہ | رابطہ | ختمہ | فجائیہ |
| 12 | کاش ______ میں گولڈ میڈل جیت لیتا۔ | : | ؛ | :- | ! |
| 13 | جملہ معترضہ کے شروع اور آخر میں علامت لگائی جاتی ہے: | ؛ | ! | ‘‘ ’’ | ( ) |
| 14 | :- یہ علامت ہے: | رابطہ کی | وقفہ کی | ندائیہ کی | تفصیلیہ کی |
| 15 | خواتین وحضرات ______ ایک ضروری اعلان سنیے۔ خواتین وحضرات کے بعد علامت ہوگی: | ؛ | : | :- | ! |

**امدادی افعال کے صحیح استعمال کو مدِنظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے:**

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | اٹھنا : | یہ کتاب اٹھادو | میں صبح سویرے اٹھتا ہوں | اسے یہاں سے اٹھادو | وہ درد کی شدت سے بلبلا اٹھا |
| 17 | کرنا : | یہ کام نہیں کرنا | میرا کام کرو | یہ کام مت کرو | وہ یہاں آیا کرتا ہے |
| 18 | لینا : | بازار سے سبزی لیتے آؤ | کھانا لیتے جاؤ | میں نے کتاب لے لی ہے | یہ لو کتاب |
| 19 | پڑنا : | وہ لڑ پڑا | میز پر اخبار پڑا ہوا ہے | وہ بستر پر پڑا ہوا ہے | میرے پیچھے کیوں پڑے ہو |
| 20 | جانا : | تم جاؤ بھی | اسے جانا ہے | کیا ہم جائیں؟ | تم یہاں سے چلے جاؤ |